20/03/2026
09.25 AM (5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں ۔اشفاق امین

ایل جی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے نوجوانوں سے تاکید کی ہے کہ وہ اپنی ثقافت اور بیش قیمت روایات کے ساتھ جڑے رہیں۔ جموں میں کشمیری پنڈت سبھا اپھلا کے اہتمام سے نورے کے سلسلے میں منعقدہ ایک تقریب پر اظہار خیال کر تے ہوئے ایل جی نے کہا کہ جموں کشمیر کا مستقبل کا فی تابناک ہو گا اور اس خطے میں ثقافتی ورثے کا مرکز بننے کی گنجائش موجود ہے۔

اس موقعے پر ایل جی نے ماں شاریکا دیوی کے تئیں اپنی عقیدت کا اظہار کیا ۔

-----LG----

عمر ملاقات

سرینگر میں کل وادی کے مختلف علاقوں سے آئے کئی عوامی وفود اور افراد نے وزیر اعلیٰ کے ساتھ ملاقات کر کے مختلف نوعیت کے معاملات پر اُن کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔

اس موقعے پر وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ان کی سرکار جمونو کشمیر کے سبھی خطوں کی یکساں ترقی اور لوگوں کی راحت رسانی کےلئے کام کر رہی ہے۔

ستیش شرما

صارفین کے حقوق کے تحفظ اور ضروری اشیاءکی بلا خلل سپلائی کو یقینی بنانے کیلئے خوراک ، عوامی رسدات اور امور صارفین کے وزیر ستیش شرما نے کل کٹڑہ سے جموں تک کئی LPG کی دستیابی اور تقسیم کاری کا موقعے پر مقامات پر بازارونکا معائنہ کیا۔اس دوران انہوننے جائزہ لیا۔ انہوننے ذخیرہ اندوزی ، بلیک مارکیٹنگ اور زائد قیمت وصول کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی وارننگ دیتے ہوئے کہاکہ ایسی سرگرمیوں کیلئے زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جا رہی ہے۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ کسی بھی بے ضابطگی کی اطلاع متعلقہ حکام کو دیں، تاکہ فوری کارروائی عمل میںلائی جا سکے۔

مفتی اعظم

آج رمضان المبارک کی 30تاریخ ہےکل یعنی21مارچ کو عید الفطر منائی جائے گی۔ اس حوالے سے مفتی اعظم مفتی ناصر اسلام نے آکاشوانی نیوز سرینگرسے بات کرتے ہوئے کہا۔

............Byte........

نماز عید

کل عید الفطر کے سلسلے میں وادی میں نماز عید کا سب سے بڑا اجتماع آثار شریف درگاہ حضرت بل میں منعقد ہوگاجہاں نماز عید صبح ساڑھے دس بجے ادا کی جائے گی ۔اس دوران آج آثار شریف درگاہ حضرت بل میں نماز جمعہ دوپہر اڑھائی بجے ادا کی جائے گی ۔

صدقہ فطر
رمضان المبارک کا مقدس مہینہ اب ہم سے رخصت ہو رہا ہے۔ اس مہینے کے دوران مسلمان روزے رکھنے کے علاوہ کثرت سے نفلی عبادات کرتے ہیں اور مہینے کے آخر پر صدقہ فطر ادا کیا جاتا ہے۔ یہ صدقہ فطر نما ز عید سے پہلے ادا کرنا لازم ہے۔
صدقہ فطر کی اہمیت اور فلسفے کے بارے میں جب ہم نے عالم دین مولانا عمر عطاری کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا۔
-------UMAR ATARI------

بانڈی پورہ

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ اندو کنول چب نے سمبل کے ونگی پورہ علاقے کا دورہ کرکے سیمی منصوبے میں حائل رکاوٹوں NHAI رنگ روڈ فیز دوئم کے تحت جاری کاموںکاجائزہ لیا۔ انہوں نے کو حل کرنے کی ہدایت دی۔انہوں نے علاقے کے ننی نارہ پل، حاجن اور چندرگیر علاقوں کا بھی دورہ کیا ، جہاننے انہوننے جاری کاموں کا موقعے پر ہی جائزہ لیاڈی سی موصوفہ نے متعلقہ ایجنسیوں اور افسران کو ہدایت دی کہ وہ ان پروجیکٹوں کو بر وقت پایہ تکمیل تک پہنچائیں ۔
تربیتی پروگرام
محکمہ زراعت کشمیر کے زیر اہتمام سات روزہ مگس بانی تربیتی پروگرام کل اختتام پذیر ہوا ۔ یہ پروگرام لال منڈی سرینگر میں منعقد ہوا جس میں وادی کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے مگس بانی پیشے سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔تربیت کے دوران مکھیوں کی افزائش ، بیماریوں سے بچاؤ اور شہد نکالنے کے جدید طریقوں اور پیدا وار بڑھانے کے اصولوں پر توجہ مرکوز کی گئی۔
درجہ حرارت
سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت6 اعشاریہ3 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت14اعشاریہ5ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔
اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔
خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔
خدا حافظ